© rasailojaraid.com



عبداللطیف خالد چیمہ

# متحدہ سنی محاذ کا احیاء!

پاکستان کی کم وبیش 95 فیصد آبادی کا تعلق اہلسنت والجماعت سے ہے اور مختلف مسالک کے فروعی اختلافات کے باوجود دین کے بنیادی اصولوں پر سب کا اتفاق ہے اور انتشار وافتراق اور نامساعد حالات کے باوجود اتحاد بین المسلمین کے مظاہر بھی ساتھ ساتھ نظر آتے رہتے ہیں۔ اگر ہم شیعہ سنی کشمکش کا جائزہ لیں تو اِس گرم جنگ نے جانبین کا اب تک کتنا نقصان کر دیا ہے، اس کے تصور سے دل دہل جاتا ہے، علمی وسنجیدہ حلقوں نے کبھی بھی اس جنگ کی تائید نہیں کی اور نہ ہی کی جاسکتی ہے، اس جنگ کو لگانے اور بڑھکانے کے لیے بیرونی قوتوں اور ان کے مقامی ایجنٹوں نے کیا کردار ادا کیا اور اس حوالے سے مشرق وسطیٰ کے ذریعے سے کیا کچھ مزید ہونے جارہا ہے، اِس کا احساس وادراک کرنا اہلسنت کے تمام حلقوں اور سرکردہ شخصیات کی ذمہ داری ہے تاکہ لگی اس آگ کو ٹھنڈا کیا جاسکے یا پھر کم ازکم مزید پھیلنے سے بچایا جاسکے، ماضی بعید اور ماضی قریب کی بعض مؤثر کوششوں کو مشعل راہ بنا کر شیخ الحدیث مولانا زاہدالراشدی، مولانا عبدالرؤف فاروقی اور راقم الحروف نے متعدد موقعوں پر اس پر مشاورت کی اور اس حوالے سے کام کرنے والے رہنماؤں اور کارکنوں کو توجہ دلائی کہ دنیا کے ہر روز بدلتے حالات اور خطے کی معروضی صورتحال کے پیش نظر ہمیں فکری ونظریاتی محاذ کو ہرگز نظرانداز نہیں کرنا چاہیے اور اس حوالے سے بیرونی مداخلت کو روکنے یا کم ازکم اپنے حلقوں کو صحیح صورتحال سے باخبر رکھنے کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے، عملاً مایوسی کے بعد 28 رستمبر 2014ء، اتوار ظہر کے بعد جامع مسجد خضریٰ سمن آباد لاہور میں مولانا زاہدالراشدی، مولانا عبدالرؤف فاروقی اور راقم الحروف نے اپنی اپنی جماعتوں کے سیکرٹری جنرل کی حیثیت سے اِس مشاورت کو اتفاق رائے سے فائنل کرلیا کہ ایران میں خمینی انقلاب کے بعد پاکستان اور خطے میں جو کشیدگی پیدا ہوئی اُس کے اثرات کے تدارک کے لیے 1988ء میں حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ (کراچی) کی سربراہی میں اہلسنت کے حقوق کی بازیابی وبحالی کے لیے جو ''متحدہ سنی محاذ'' قائم کیا گیا تھا اُس محاذ کو ازسرنو متحرک کرنے کی ضرورت ہے، چنانچہ مولانا عبدالرؤف فاروقی کو محاذ کا کنوینئر مقرر کیا گیا۔ مزید باہمی مشاورت جاری رہی تاآنکہ 19 راکتوبر 2014ء، اتوار بعد نماز عصر ہم تینوں اصحاب، مولانا قاری محمد طیب حنفی (بورے والا) کے اضافے کے ساتھ پھر اکٹھے ہوئے اور لمبی مشاورت کے بعد اخبارات کے لیے جو پریس ریلیز جاری کی گئی اس کا متن درج ذیل ہے۔

''متحدہ سنی محاذ نے فیصلہ کیا ہے کہ اہلسنت کے اصولی وقانونی حقوق کے تحفظ کی پرامن جدوجہد کو آگے بڑھانے کیلئے 1973ء میں مختلف مکاتب فکر کے ایک ہزار علماء کرام کی طرف سے جو دستاویز اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی خدمت میں پیش کی گئی تھی کو مشعل راہ بنا کر رائے عامہ کو ہموار کرے گی اور اس مقصد کیلئے عاشورہ محرم الحرام کے بعد قومی



© rasailojaraid.com

